Total printed Page: 8]   Roll No…………….

MAUL-102

Masnvi, Mrsia Aur Nazm

M.A. Urdu (MAUL-12/16/17)

First Year Examination, 2019

Time : 3 Hours   Max. Marks : 80

ہدایت:۔ یہ پرچہ تین حصوں الف، ب اور ج پر مشتمل ہے۔ تمام حصوں کے سوالات کے جوابات متعلقہ ہدایت کے مطابق دیجئے۔

(حصہ الف)

درج ذیل میں سے دو سوالوں کے جواب دیجئے۔   19x2=38

1۔ ذیل کے شعری اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح سیاق و سباق کے حوالے کے ساتھ کیجئے۔

(1)

قرنا میں نہ دم ہے، نہ جلاجل میں صدا ہے

بوق و دہل و کوس کی بھی سانس ہَوا ہے

ہر دل کے ڈھڑکنے کا مگر شور بپا ہے

باجا جو سلامی کا، اسے کہیے بجا ہے

سکتے ہیں جو آواز ہے نقارہ و دف کی

نوبت ہے ورودِ خلفِ شاہِ نجف کی

(2)

بلبل ہند مر گیا ہیہات

جس کی تھی بات بات میں اک بات

نکتہ داں، نکتہ سنج، نکتہ شناس

پاک دل، پاک ذات، پاک صفات

شیخ اور بذلہ سنج، شوخ مزاج

رند اور مرجعِ کرام و ثقات

لاکھ مضمون اور اس کی ایک ٹھٹھول

سو تکلف اور اس کی سیدھی بات

دل میں چبھتا تھا وہ اگر بمثل

دن کو کہتا دن اور رات کو رات

ایک روشن دماغ تھا نہ رہا

شہر میں اک چراغ تھا نہ رہا

2۔ اردو نظم کے آغاز وارتقاء کا جائزہ لیجیئے۔

3۔ اختر شیرانی کی شاعری کی خصوصیات بیان کیجیئے۔

4۔ فیض کی نظم گوئی کی انفرادیت کیا ہے؟

(حصہ ب)

درج ذیل میں سے کوئی چار سوالوں کے جواب اختصار کے ساتھ لکھئے۔

4x8=32

1۔ میر حسن کی مثنوی نگاری کا تنقیدی محاکمہ کیجئے۔

2۔ اختر الایمان کو کیوں ایک منفرد نظم گو کے نام سے یاد کیا جاتا ہے؟

3۔ ترقی پسند تحریک کی فکری بنیادوں پر اظہار خیال کیجئے۔

4۔ اقبال کو آفاقی شاعر کیوں کہا جاتا ہے؟

5۔ مرثیے کے مقبولیت کے اسباب بیان کیجئے۔

6۔ میرا جی کو حلقہ ارباب ذوق کا دماغ کہا جاتا ہے۔ آپ اس خیال سے کہاں تک متفق ہیں؟

7۔ 'گلزار نسیم' کا اجمالی جائزہ لیجئے۔

8۔ محمد قلی قطب شاہ کی شاعری کی خصوصیات پر اظہار خیال کیجئے۔

(حصہ ج)

درج ذیل معروضی سوالوں کے صحیح جوابوں کی نشاندہی کیجئے۔

10x1=10

1۔ مسدس مدو جزرِ اسلام کس کی نظم ہے؟

(الف) اقبال (ب) حالی

(ج) محمد حسین آزاد (د) میر انیس

2۔ 'شیشوں کا مسیحا کوئی نہیں' کس کی نظم ہے؟

(الف) فیض احمد فیض (ب) مخدوم محی الدین

(ج) اختر شیرانی (د) جوش ملیح آبادی

3۔ نظیر اکبر آبادی کہاں پیدا ہوئے تھے؟

(الف) اکبر آباد (ب) عظیم آباد

(ج) لکھنؤ (د) دہلی

4۔ دکن میں کس صنف کو سب سے زیادہ فروغ ملا؟

(الف) مرثیہ (ب) غزل

(ج) نظم (د) مثنوی

5۔ موجودہ ادوار میں نظم کی سب سے مقبول ہیئت کون سی ہے؟

(الف) معری نظم (ب) آزاد نظم

(ج) نثری نظم (د) پابند نظم

6۔ 'موت کا گیت' نام کی نظم کا مصنف کون ہے؟

(الف) جوش (ب) مخدوم

(ج) اختر شیرانی (د) اختر الایمان

7۔ کسے رومانی شاعر کہا جاتا ہے؟

(الف) اختر شیرانی (ب) فیض احمد فیض

(ج) اختر الایمان (د) مخدوم

8۔ 'ضرب کلیم' کس کا مجموعہ کلام ہے؟

(الف) جوش (ب) حالی

(ج) اقبال (د) وحید اختر

9۔ کس شاعر کو حیدر آباد سے خاص نسبت ہے؟

(الف) اختر الایمان (ب) اختر اشیرانی

(ج) مخدوم محی الدین (د) سردار جعفری

10۔ ترقی پسند تحریک کا قیام کب عمل میں آیا؟

(الف) 1938 (ب) 1930

(ج) 1936 (د) 1935

*****